www.understandquran.com

ہدایات برائے اسباق کی منصوبہ بندی

نیچے لیسن پلان کے اجزاء متعینہ اوقات کے ساتھ دیے گئے ہیں، ٹیچر اپنی ضرورت کے لحاظ سے ان کا انتخاب کر سکتا ہے۔ مزید تفصیلات اس لنک پر موجود ہیں:

www.understandquran.com/teacher_resources.html

نمبر شمار	عنوان	وقت (منٹ)
1	ابتداء، سلام: (تفصیلی فہرست کے لیے ٹیچر گائڈ دیکھیں) • کلاس میں استاد کی آمد نہایت پر جوش اور بہتر انداز میں اور مسکراہٹ بھرے چہرے کے ساتھ ہو! • طلبہ سے مثبت اور شوق دلانے والی باتیں کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج آپ بہت اچھے موڈ میں ہیں۔ درسگاہ میں خوشی اور مثبت ماحول پیدا کرنے کی غرض سے موسم یا نظام کے تعلق سے کوئی مثبت اور اچھی بات کریں مثلاً موسم اچھا ہو تو کہیں کہ آج صبح کتنی اچھی ہوا چل رہی تھی یا آسمان کتنا خوبصورت ہے یا بارش وغیرہ۔ • طلبہ سے پوچھیں: "كَيْفَ حَالُكُمْ" اور انہیں جواب میں مسکراتے ہوئے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہنا سکھائیں۔	1
2	تزکیہ: (اللہ کا ذکر) کوئی ذکر یا دعا کو منتخب کریں اور اسے لفظی ترجمہ کے ساتھ تین مرتبہ دہرائیں، پھر اس کے بعد دعا یا ذکر کی صرف عربی عبارت اس مقصد سے دہرائیں کہ طلبہ کو وہ دعا یا ذکر اور اس کا ترجمہ زبانی یاد کرنے میں مدد ہو۔ ایک ہی دعا ہفتہ بھر یا اس سے زیادہ پڑھائی جا سکتی ہے۔	1
3	تربیت / زندگی میں کام آنے والی مہارتیں: (اسلام پر روزانہ کی زندگی میں عمل کرنے کے لیے رہنمائی کرنا) • روزانہ طلبہ کو قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ کی روشنی میں حاصل ہونے والی مہارتوں سے آگاہ کرتے رہیں۔ • یہ تمام چیزیں سیرت رسول ﷺ، صحابہ کرام اور نیک لوگوں کے واقعات کی مدد سے سکھائی جائیں۔	1
4	طلبہ کے لیے دعا: • استاد و شاگرد کے درمیان ایک سچا اور مفید تعلق پیدا کرنے کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ استاد اپنے طلبہ کے حق میں خیر خواہ ہو۔ • اپنے طلبہ کو روزانہ دعائیں دیتے رہیں۔	½
5	اعادہ: نئے سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے گزشتہ سبق کا اعادہ کر لیا جائے، اس سے گزشتہ اسباق میں پڑھے گئے مواد کو ذہن میں تازہ رکھنا آسان ہوتا ہے۔	1
6	تلاوت قرآن کا طریقہ: بصری ذخیرۂ الفاظ کیسے پیدا کریں: • تجوید کی اہم ہدایات کے ساتھ ساتھ "میرے بعد دہرائیں" کو اختیار کیا جائے (۳ تا ۵ بار ہر لفظ یا عبارت کو دہرایا جائے)۔ طلبہ دیکھیں اور قرآنی عبارت پر انگلی رکھ کر تلاوت کریں۔ ٹیچر کی تجوید اور آواز اچھی، صاف اور واضح ہونا چاہیے۔ (کسی قاری کی ریکارڈنگ بھی استعمال کی جا سکتی ہے) • بڑے یا مشکل الفاظ یا جملوں پر زور دیا جائے اور زیادہ بار دہرایا جائے تا کہ طلبہ کے لیے انہیں آسانی کے ساتھ پڑھنا ممکن ہو۔ اس قسم کے مشکل الفاظ کو پڑھنے کی صلاحیت جانچنے کے لیے کہیں سے بھی طلبہ کو پوچھا جائے۔ جن طلبہ کو مزید محنت کی ضرورت ہے ان کی اچھی طرح پڑھنے والے طلبہ کے ساتھ جوڑی بنا دی جائے۔ کلاس میں **CTL**، **TPS** جیسے طریقوں کو استعمال کیا جائے۔ صوتی ذخیرۂ الفاظ کیسے پیدا کریں: • ٹیچر کوئی لفظ یا جملہ پڑھے اور طلبہ اس لفظ یا جملہ پر انگلی رکھ کر بتا سکیں۔ • اگر کوئی طالب علم کمزور ہو تو ٹیچر اس لفظ یا جملہ کو صوتی اعتبار سے ٹکڑے کر کے پڑھائے۔ مشکل الفاظ یا جملوں کے تعلق سے طلبہ کو اچانک میں سوال کیا جائے، کمزور طلبہ کی اچھی طرح پڑھنے والے طلبہ کے ساتھ جوڑی بنا دی جائے۔ کلاس میں **CTL**، **TPS** جیسے طریقوں کو استعمال کیا جائے۔ • کسی ایک طالب علم سے قرآن کی عبارت پڑھوائیں اور دوسرے تمام طلبہ اپنی کتاب میں وہ عبارت دیکھتے رہیں، پھر ٹیچر اس کے بازو بیٹھے ہوئے طالب علم کے بجائے کسی دوسرے کو اگلی عبارت پڑھنے کے لیے کہے اور یہ طریقہ دہرایا جاتا رہے۔	30
7	قرآن لیب: اس سیشن کو قرآن لیب میں منعقد کیا جائے جہاں قرآن کو سیکھنے میں معاون وسائل موجود ہوں، جیسے پوسٹرس، بہترین قاری کی ریکارڈنگ، تلاوت قرآن میں مددگار کوئی سافٹ ویئر وغیرہ۔ طلبہ گروپس میں تقسیم ہو جائیں اور سیکھیں۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ طلبہ سخت محنت کریں اور تمام گروپس کے آپسی مقابلے ہوں، نیز عربی بول چال کی بنیادی مشقیں بھی یہاں کروائی جائیں۔	30
8	سورۂ فاتحہ مع لفظی ترجمہ و مختصر تشریح: چونکہ یہ حصہ اگلی کلاسوں میں تفصیل کے ساتھ آنے والا ہے اس لیے اس حصہ کو مختصر انداز میں مکمل کریں۔ توجہ لفظی ترجمہ، تجوید کی بہتری اور مختصر تشریح پر ہو۔ اس حصہ کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو یہ پیغام دیا جائے کہ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنا چاہیے۔	10
9	بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال: اس حصہ کو اس طرح تعامل سے بھر پور بنائیں کہ مکمل کلاس **TPI** اور **TPS** "میرے بعد دہرائیں" جیسی سرگرمیوں کو استعمال کرتے ہوئے اس میں شامل رہے۔ عربی بول چال میں **TPS** کو خاص طور پر استعمال کیا جائے جس میں ایک دوسرے کو پڑھا کر یا سوال جواب کے ذریعے پریکٹس کی جاتی ہے۔	20
10	اسلامی تعلیمات (اسلامیات): اس حصہ میں اسلامیات کے مضامین مختصر انداز میں شامل کیے گئے ہیں۔	10
11	طلبہ کا جائزہ: اجتماعی جائزہ: ٹیچر اجتماعی طور پر طلبہ کے بصری و صوتی ذخیرۂ الفاظ کا امتحان لے۔ انفرادی جائزہ: ٹیچر انفرادی طور پر طلبہ سے کچھ آیات کی تلاوت کروا کر ان کی تلاوت میں روانی اور تلاوت کے معیار کا جائزہ لے۔ کمزور طلبہ کو اضافی توجہ والی کلاس **(Remedial class)** میں بھیجا جائے۔ خلاصہ یہ کہ طالب علم بآسانی تلاوت کرنے اور تجوید کے قواعد کو بیان کرنے کے قابل ہو جائے۔	15
12	نظر ثانی اور سبق کا اختتام: کلاس میں طلبہ نے جو کچھ پڑھا، مختصر طور پر اس کا خلاصہ پیش کیا جائے۔	2